ادبیات

ثمرات

(از جناب نہال سیوہاروی)

بازبرقِ طور برخرقِ غریباں ہم فگن   اے کہ تجھ سے ہے فروزاں مہر و مہ کی انجمن

التزام ناظر و منظور سے ہے زیبِ دہر   انجمن سے آئینہ ہے آئینہ سے انجمن

سرنگوں بیٹھے ہوئے کیا ہو قفس کو لے اُڑو   اتنی ہمت کیا نہیں ہے اے اسیرانِ چمن

آئی اور اس رنگ سے آفاق میں آئی بہار   تختۂ گلزارِ جنت بن گئے کوہ و دمن

کون ہے ناواقفِ رنج و محن اس دہر میں   دیکھ چشمِ غور سے اے واقفِ رنج و محن

اپنے بیماروں سے سرگرمِ تکلم ہو کبھی   اے حیاتِ عاشقاں، اے شاہدِ شیریں سخن

بُعدِ منزل سے خطر کیوں بُعدِ منزل کچھ نہیں   گامزن ہو گامزن ہو، گامزن ہو، گامزن

غیر کو کس مُنہ سے الزامِ تباہی دیجیے   بن گئے دزدِ چمن خود خانہ زادانِ چمن

کیا یہ لازم ہے کسی کی انجمن کا رُخ کرے   دل کہ صد رنگِ تخیل سے ہے خود اک انجمن

اور ہی کچھ شان ہے تیرے قتیلِ حُسن کی   ورنہ کہنے کے لیے ہے لالہ بھی خونیں کفن

ہے لبِ ہنگامۂ حاضر پہ اک تاریخِ نو   چھوڑ بھی اے قصہ خواں ذکرِ روایاتِ کُہن

وہ تجلی کا جہاں کہتا ہے تو جس کو بہشت   ہر کسی خورشید وش کی ایک چھٹتی سی کرن

کام اپنا لے جوئے شیر ناممکن نہیں   چاہتی ہے سختیِ کہسار ضربِ کوہکن

دیدۂ مشتاق وا، اک عمر سے ہے اے نہالؔ   کاش آ جائے چمن کی سمت وہ رشکِ چمن